تبصرۂ کتب

جناب اختر راہی۔ ایم اے

سیفِ حقانی مؤلف: ابوالناصر محمد عمر قریشی۔ ناشر: عباسی کتب خانہ آدم جی بلڈنگ جونا مارکیٹ کراچی۔
طباعت: عمدہ صفحات: ۱۷۶ قیمت: -/۸ روپے۔

کچھ عرصہ پہلے بھارت کے مولوی ارشد القادری (جو ان دنوں انگلستان میں مقیم ہیں) کی کتابیں پاکستان میں طبع ہوئیں۔ ان کتابوں کے ذریعہ وہی پرانی بحث تازہ ہوئی جس کی یاد میں چنداں مسرت انگیز نہیں۔ مولوی ارشد القادری کے اٹھائے ہوئے اعتراضات کا جواب علمائے دیوبند دے چکے ہیں۔ مگر ان کی حالیہ کتابوں کی اشاعت سے یہ تاثر دیا گیا ہے۔ کہ گویا "زلزلہ" آگیا ہے ـــــ علمائے دیوبند ملّی مقاصد کے پیشِ نظر خاموش رہے اور قادیانیت جیسی اسلام کش تحریکات کا کرتے رہے مگر "زلزلہ" کے بعد یہ سلسلہ مزید آگے بڑھتا گیا۔ اس عمل کا آخر ردِعمل ظاہر ہوا اور زیرِ تبصرہ کتاب لکھی گئی۔ علامہ ابوالناصر محمد عمر قریشی نے مولوی ارشد القادری اور ان کے ہمنواؤں کو اپنے گریبان میں جھانکنے کی دعوت دی ہے۔

کاروانِ سائنس مدیر: عظمت علی خان ناشر: مجلس تحقیقات سائنس وصنعت، ۳۹ گارڈن روڈ صدر کراچی۔ طباعت: عمدہ صفحات: ۴۸ قیمت: تین روپے فی پرچہ/ سوالو روپے سالانہ۔

"کاروانِ سائنس" اپنی نوعیت کا واحد پاکستانی رسالہ ہے۔ اس کا ہر شمارہ تحقیقی اور معلوماتی سائنسی مضامین پر مشتمل ہوتا ہے۔ سائنس دانوں کے علاوہ عام پڑھے لکھے طبقے کے لئے اس میں کشش کا خاصا سامان موجود ہے۔ بڑے سائز میں خوبصورت ٹائپ میں رنگین تصاویر کے ساتھ چھپنے والا یہ پرچہ ہر لائبریری میں ہونا چاہیئے اور ہر باذوق پڑھے لکھے شخص کی نظر سے گزرنا چاہیئے۔

محدّث

رسولِ مقبولؐ نمبر

★

بین الاقوامی سیرت کانگریس کے اہم موقع پر ماہنامہ "محدّث" ایک خصوصی اشاعت بیادِ رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلم پیش کر رہا ہے۔ جس میں مشاہیر اہلِ علم کے نایاب مضامین، غیر مطبوعہ تقاریر اور ملک کے معروف دانشوروں کے رشحاتِ قلم شامل ہیں۔ مستقل خریداروں کو یہ اہم نمبر عام قیمت پر مہیا کیا جائے گا۔

ایجنٹ حضرات اپنی مطلوبہ تعداد سے دفتر کو اطلاع دیں ـــــــ!

ماہنامہ "محدّث" ۱۰۰ ـ جے ماڈل ٹاؤن۔ لاہور